بصائر الدرجات (جلد اول)

تالیف

ابو جعفر محمد بن حسن بن فروخ الصفار

متوفی (۲۹۰ھ)

مترجم

سید اقرار حسین زیدی

(ایم اے عربی۔عربی فاضل)

پبلیشر

ولایت مشن پبلیکیشنز

E-Mail-info@wilayatmission.com

feedback@wilayatmission.com

Contact : 0346-3233151(karachi),03334570593(Lahore)

نام کتاب: بصائر الدرجات (جلد اول)
مولف: ابو جعفر محمد بن حسن بن فروخ الصفار
مترجم: سید اقرار حسین زیدی
پروف ریڈنگ: سید شعیب سرور زیدی
طبع اول: جولائی ۲۰۱۲ء
ہدیہ:
پبلیشر: ولایت مشن پبلیکیشن (رجسٹرڈ)

Website

www.wilayatmission.com

E-Mail

info@wilayatmission.com

feedback@wilayatmission.com

کتاب ملنے کا پتہ

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام بارگاہ، کھارادر، کراچی

فون: 021-32431577

موبائل:۔ 0314-2056416

اس کے علاوہ دیگر بُک اسٹالز پر

الجزء الثانی

باب نمبر ﴿۹﴾

ائمہؑ کی ولایت

حدیث ﴿۱﴾ حدثنا السندی بن محمد عن یونس بن یعقوب عن عبدالاعلی قال قال ابو عبداللہ علیہ السلام ما نبئی نبی قط الا بمعرفة حقنا و (تفضلینا علی من) سوانا.

عبدالاعلیٰ نے بیان کیا کہ ابو عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: کسی نبی کو ہمارے حق اور دوسروں پر ہماری فضیلت کی معرفت کے بغیر نبوت نہیں دی گئی۔

حدیث ﴿۲﴾ حدثنا علی بن اسمعیل عن محمد بن عمرو عن یونس بن یعقوب عن ابی بصیر قال سمعت ابا عبداللہ علیہ السلام یقول ما من نبی نبئی ولا من رسول ارسل الا بولایتنا وبفضلنا (علی من) سوانا.

ابوبصیر نے بیان کیا کہ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام کو فرماتے سنا: کسی نبی کو نبوت اور رسول کو رسالت ہماری ولایت اور دوسروں پر ہماری فضیلت کے اقرار کے بغیر نہیں ملی۔

حدیث ﴿۳﴾ حدثنا عبداللہ بن عامر عن ابن سنان عن یونس بن یعقوب عن عبدالاعلی مولی ال سام قال سمعت ابا عبداللہ علیہ السلام یقول ما تنبئی نبی قط الا بمعرفة حقنا و (تفضیلنا علی من) سوانا.

یونس بن یعقوب نے آلِ سام کے غلام عبدالاعلیٰ سے بیان کیا انہوں نے کہا میں نے ابوعبداللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فرماتے سنا: کبھی کسی نبی کو ہمارے حق اور دوسروں پر ہماری فضیلت کی معرفت کے بغیر نبوت نہیں دی گئی۔

حدیث ④ حدثنا عبداللہ بن محمد (عن محسن) عن یونس بن یعقوب عن عبدالاعلی قال سمعت اباعبداللہ علیہ السلام یقول ماتنبئی نبی قط الا بمعرفۃ حقنا وتفضیلنا علی من سوانا.

عبدالاعلیٰ نے بیان کیا میں نے ابوعبداللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فرماتے سنا: کسی نبی کو ہمارے حق اور دوسروں پر ہماری فضیلت کی معرفت کے بغیر نبوت نہیں دی گئی۔

حدیث ⑤ حدثنا محمد بن عیسی عن محمد بن سلیمان عن یونس بن یعقوب عن ابی بصیر عن ابی عبداللہ علیہ السلام انہ قال مامن نبی نبئی ولامن رسول ارسل الابولایتنا وتفضیلنا علی من سوانا.

ابوبصیر نے ابوعبداللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بیان کیا کہ آپؑ نے فرمایا: کسی نبی کو نبوت اور کسی رسول کو رسالت ہماری ولایت اور دوسروں پر ہماری فضیلت کے اقرار کے بغیر نہیں دی گئی۔